2769

Unique Paper Code : C - 112

Name of Course : B. Com/III

Name of the Paper : Urdu A

D-I

Annual Mode

Time : 3 Hours M.M.: 100

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے سیاق وسباق کا حوالہ دیجئے۔ 15

(الف)

ایک نواب صاحب اپنی ماں کے لاڈلے، اندھیرے گھر کے اجالے، بھولے بھالے، جھٹپٹے کے وقت اپنے باغیچے میں بیٹھے رنگ رلیاں منا رہے تھے۔ مصاحب خوشامد کی باتیں بنا رہے تھے۔ نوابوں کے درباروں میں مسخروں کا کال نہیں۔ ایک اپنچی پلاؤ کی چاٹ پر مسخرے بن گئے۔ چوطرفہ ان پر بوچھار ہونے لگی۔ ایک شخص نے پوچھا ''واحد علی تمہارے کون ہیں؟ بھائی ہیں نا۔ فرمائیے کیا ہیں؟'' جی واحد علی میری خالہ جان کی بہن کے میاں کے لڑکے کے باپ کے بیٹے ہیں''۔ اس پر وہ قہقہ پڑا کہ آسمان تک آواز پہنچی۔ ''بھئی واللہ یہ نیا رشتہ ہے۔ اچھی الٹ پھیر ہے۔ اور کیوں میاں تمہارے باپ تمہارے کون ہوئے؟'' ''واہ اس میں کون سی مشکل بات ہے۔ بھلا ہوئے کون! باپ ہوئے۔ اچھے رہے اب ہمیں ایسا گھامڑ سمجھ لیا ہے۔''

(ب)

یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں۔ جو دکھ مجھ کو ہے اس کا بیان تو معلوم مگر اس بیان کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ انگریز کی قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے ان میں کوئی میرا امیدگاہ تھا اور کوئی میرا شفیق اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد۔ ہندوستانیوں میں کچھ عزیز، کچھ دوست، کچھ شاگرد، سو وہ سب کے سب خاک میں

مل گئے۔ ایک عزیز کا ماتم کتنا سخت ہوتا ہے، جو اتنے عزیزوں کا ماتم دار ہو اس کو زیست کیوں کر نہ دشوار ہو۔ ہائے اتنے یار مرے کہ جواب میں مروں گا تو میرا کوئی رونے والا بھی نہ ہوگا۔

۲۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے۔ سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 15

(الف)

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ جو لطف مجھ پہ تھے پیشتر، وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کوئی بات ایسی اگر ہوئی کہ تمہارے جی کو بری لگی
تو بیاں سے پہلے ہی بھولنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی ہم میں تم میں بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جسے آپ گنتے تھے آشنا، جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومن مبتلا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(ب)

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا — کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا
زیر زمیں سے آتا ہے جو گل سو زربکف — قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا
چاروں طرف سے صورتِ جاناں ہو جلوہ گر — دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا
طبل و علم نہ پاس ہے اپنے نہ ملک و مال — ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

یوں مدعی حسد سے نہ دے داد تو نہ دے
آتش غزل یہ تونے کہی عاشقانہ کیا

۳۔ میر امن کے 'پہلے درویش کی سیر' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 15

یا

غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۴۔ میرؔ کی شاعری پر ایک نوٹ لکھیے۔ 15

یا

میر حسن کی مثنوی گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۵۔ آسان قسطوں پر دستیاب مکان کے لیے ایک پمفلٹ بنائیے۔ 20

یا

کسی بیمہ کمپنی کے لیے ایک اشتہار بنائیے۔

۶۔ مندرجہ ذیل انگریزی اصطلاحوں میں سے کسی دس کے انگریزی متبادل لکھیے۔ 20

1) Market Chair
2) Material
3) Marking
4) Market data
5) Material Cost
6) Market behaviour
7) Mass production
8) Marking Scheme
9) Market Value
10) Marking rules
11) Minor Coin
12) Market finance
13) Market price
14) Medical Insurance
15) Market ratio